سوال

کیا حرم شریف سے براہِ راست موبائل پر نماز تراویح لگا کر، حرم کے امام کی اقتدا میں نماز تراویح ادا کرنا درست عمل ہے ؟

جواب

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

انسان پر لازم ہے کہ وہ باجماعت نماز ادا کرنے کے لیے مسجد جائے ۔ موبائل یا ٹی وی پر نشر ہونے والی نماز میں امام کی اقتدا کرنا درست نہیں ہے ، کیونکہ باجماعت نماز میں ایک ہی جگہ میں سب کا جمع ہونا اور صفوں کا متصل ہونا ضروری ہے ۔
اس طرح اگر اجازت دے دی جائے تو ہر کوئی اپنے گھر میں ہی نماز ادا کر لے گا ، مسجد میں کوئی نہیں آئے گا جبکہ ایسا کرنا شریعت کے حکم کے منافی ہے ۔

والله أعلم بالصواب